سورۃ الفرقان

آیت نمبر 66

اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا

وہ تو بہت ہی بُرا مستقر اور مقام ہے۔

اِنَّهَا ← اِنَّ + هَا

اِنَّ ← بیشک

هَا ← وہ ایک مونث

سَآءَتْ ← ساءَ + تُ (جہنم)

ساءَ ← برا۔ اخلاق سو۔ برے اخلاق

تُ	متکلم	کَتَبْتُ	میں نے لکھا
تَ	مخاطب	کَتَبْتَ	تو ایک مذکر نے لکھا
تِ	مخاطبہ	کَتَبْتِ	تو ایک مونث نے لکھا
تْ	مونث غائب	کَتَبَتْ	اس ایک مونث نے لکھا

سَآءَتْ ← برا ہے (اردو میں سو کا لفظ برے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے)

وہ بہت بُری ہے۔ یعنی جہنم بہت بُری ہے۔

مُسْتَقَرًّا

اردو میں مستقر کہتے ہیں ٹھہرنے کی جگہ ، عارضی ٹھکانے کو۔

وَّ اور

مُقَامًا

رہنے کی جگہ (مستقل)

سورۃ الفرقان

آیت نمبر 66

إِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا

وہ تو بہت ہی بُرا مستقر اور مقام ہے۔